**عوام تمام سیاسی جماعتوں سے مایوس ہو چکے ہیں اور اب وہ صرف ایم کیوایم کو ہی اپنی امیدوں کا مرکز سمجھ رہے ہیں، الطاف حسین**

**ایم کیوایم پاکستان ہی میں نہیں بلکہ پورے خطے میں امن چاہتی ہے، ایم کیوایم کی حکومت قائم ہوئی تو ساؤتھ ایشیاء کے تمام ممالک کے درمیان پیار، محبت اور دوستی کا رشتہ قائم ہوگا**

**اگر طالبانائزیشن کے خلاف بروقت کارروائی کی جاتی تو آج پورا ملک دہشت گردی کی لپیٹ میں نہ ہوتا**

**دہشت گردوں کے خلاف مسلح افواج کے آپریشن کی بھرپور حمایت کرتے ہیں، پوری قوم دہشت گردی کے خاتمہ کیلئے مسلح افواج کے ساتھ ہے۔ ایم کیوایم ساؤتھ افریقہ کے زیراہتمام جوہانسبرگ میں اپنی 56ویں سالگرہ کے اجتماع سے خطاب**

جوہانسبرگ۔۔۔18اکتوبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ پاکستان کے غریب ومتوسط اور ورکنگ کلاس سے تعلق رکھنے والے عوام تمام سیاسی جماعتوں کو بار بار آزما چکے ہیں اوران سے مایوس ہو چکے ہیں اور اب وہ صرف ایم کیوایم کو اپنی امیدوں کا مرکز اور پاکستان کی بقاء وسلامتی کی آخری کرن سمجھ رہے ہیں۔ یہ بات انہوں نے ایم کیوایم ساؤتھ افریقہ کے زیراہتمام جوہانسبرگ میں اپنی 56ویں سالگرہ کے اجتماع سے ٹیلی فون پر خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اجتماع میں افریقن نیشنل کانگریس کے ارکان، ساؤتھ افریقہ میں پاکستان کے ہائی کمشنر اشرف قاضی، تاجروں، صنعتکاروں، سماجی شخصیات، ساؤتھ افریقہ کے مختلف شہروں میں مقیم ایم کیوایم کے کارکنان اور ہمدردوں نے ہزاروں کی تعداد میں شرکت کی۔ اجتماع سے رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز اور وفاقی وزیر ڈاکٹر فاروق ستار، رکن سلیم شہزاد اور ایم کیوایم ساؤتھ افریقہ کی آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان نے بھی خطاب کیا۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم مذہبی رواداری، فرقہ وارانہ ہم آہنگی، سچی جمہوریت اور عدم تشدد پر یقین رکھتی ہے۔ ایم کیوایم ملک میں انصاف وقانون کی حکمرانی چاہتی ہے، ایم کیوایم پاکستان ہی میں نہیں بلکہ پورے خطے میں امن چاہتی ہے، آج صرف ملک کے عوام ہی نہیں بلکہ دنیا کے ممالک بھی اس نتیجہ پر پہنچ رہے ہیں کہ جب پاکستان میں ایم کیوایم کی حکومت قائم ہوگی تو ساؤتھ ایشیا ریجن میں امن ہوگا اور پڑوسی ممالک کے درمیان جنگ وجدل نہیں بلکہ امن، پیار اور دوستی ہوگی۔ جناب الطاف حسین نے جی ایچ کیو پر دہشت گردوں کے حملے سمیت لاہور، پشاور، کوہاٹ اور دیگر شہروں میں دہشت گردی کے واقعات کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم نے ہمیشہ مذہبی انتہاپسندی اور دہشت گردی کی مخالفت کی اور قوم کو طالبانائزیشن کے بڑھتے ہوئے خطرے سے آگاہ کیا جسے بعض عناصر نے واویلا قرار دیا اور ایم کیوایم کو تنقید کا نشانہ بنایا۔ انہوں نے کہا کہ اگر ایم کیوایم پر تنقید کرنے کے بجائے طالبانائزیشن کے خلاف بروقت کارروائی کی جاتی تو آج یہ نوبت نہ آتی اور پورا ملک دہشت گردی کی لپیٹ میں نہ ہوتا۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم نے ہمیشہ کہا کہ اسلام کے نام پر دہشت گردی، خودکش حملے کرنے، فوج، سیکوریٹی فورسز اور پولیس کے جوانوں اور عام شہریوں کو ذبح کرنے والے دہشت گردوں کی بیخ کنی کی جائے ورنہ یہ دہشت گرد ملک وقوم کیلئے ناسور بن جائیں گے مگر اس وقت میری باتوں پر توجہ دینے کے بجائے مذاق اڑایا گیا لیکن نظام عدل کا معاہدہ کرنے کے بعد حکومت، سیکوریٹی فورسز اس نتیجہ پر پہنچ گئیں کہ ان مذہبی انتہاء پسند دہشت گردوں کا کوئی دین ایمان نہیں ہے، یہ دہشت گرد خواتین اور بچیوں پر ظلم کررہے ہیں، لڑکیوں کے اسکولوں کو جلا رہے ہیں، انہیں بموں سے اڑا رہے ہیں، مساجد اور امام بارگاہوں پر حملے کررہے ہیں اور بزرگان دین کے مزارات بموں سے اڑا رہے ہیں لہٰذا ان دہشت گردوں کے خلاف آپریشن کرنا چاہیئے، بالآخران دہشت گردوں کے خلاف آپریشن کیا جسکے دوران فوج، سیکوریٹی ایجنسیوں اور پولیس کے اہلکاروں نے اپنی جانوں کے نذرانے دیئے اور سوات کے عوام کو ان دہشت گردوں سے نجات دلائی۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ اسلام کے نام پر طالبان دہشت گرد عناصر آج بھی ملک کو غیر مستحکم کرنے کیلئے دہشت گردی کررہے ہیں اور اسلام کے نام پر معصوم شہریوں کو خاک وخون میں نہلا رہے ہیں۔ انہوں نے دہشت گردوں کے خلاف مسلح افواج کے آپریشن کی بھرپور حمایت کرتے ہوئے کہا کہ پوری قوم دہشت گردی کے خاتمہ کیلئے مسلح افواج کے ساتھ ہے اور قوم کو پوری امید ہے کہ ہماری مسلح افواج وطن عزیز کو دہشت گردوں سے نجات دلا کر دم لے گی۔ جناب الطاف حسین نے دہشت گردوں کے خلاف کارروائی کے دوران شہید ہونے والے مسلح افواج، پولیس اور سیکوریٹی فورسز کے افسرون اور جوانوں کو خراج عقیدت پیش کیا اور کہا کہ پوری قوم اپنے ان شہیدوں کو سلام پیش کرتی ہے۔ جناب الطاف حسینے کہا کہ ملک بھر کے غریب عوام ظلم کی چکی میں پس رہے ہیں، انصاف کے حصول کیلئے دردر کی ٹھوکریں کھارہے ہیں، آٹے اور شکر کے حصول کیلئے لمبی لمبی قطاریں لگانے پر مجبور ہیں، ملک میں بے روزگاری اور مہنگائی عروج پر ہے اور صورتحال اتنی خراب ہے کہ آج والدین بھوک وافلاس سے تنگ آکر اپنے بچے فروخت کرنے پر مجبور ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک کے عوام تمام سیاسی جماعتوں کو بار بار آزما چکے ہیں اوران سے مایوس ہو چکے ہیں اور اب وہ صرف ایم کیوایم کو اپنی امیدوں کا مرکز اور پاکستان کی بقاء وسلامتی کی آخری کرن سمجھ رہے ہیں۔ آج سندھ کے ساتھ ساتھ پنجاب، بلوچستان، سرحد، گلگت بلتستان

اورآزادکشمیر میں بھی ایم کیوایم کا پیغام پھیل رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ انشاءاللہ جلد ہی لاہور میں ایم کیوایم کا کنونشن ہوگا جو پنجاب کی تاریخ کا سب سے بڑا کنونشن ہوگا۔ایم کیوایم پاکستان کی واحد سیاسی جماعت ہے جو پاکستان میں اتحاداورنظم وضبط کی علامت ہے۔جناب الطاف حسین نے تقریب میں شریک مخیّر حضرات کومخاطب کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم ایک غریب ومتوسط طبقہ سے تعلق رکھنے والے افراد کی جماعت ہے جو اپنے تنظیمی اخراجات عوامی عطیات سے پورے کرتی ہے۔ایم کیوایم کو پنجاب کنونشن کے سلسلے میں عوامی عطیات کی ضرورت ہے لہٰذا تاجر برادری اور مخیّر حضرات ایم کیوایم کے پنجاب کنونشن کو کامیاب بنانے کیلئے زیادہ سے زیادہ عطیات دیں اوراپنے عطیات MCB بنک میں ایم کیوایم کے اکاؤنٹ نمبر Code. 0073۔MQM A/C No. 1000863 میں جمع کرائیں۔جناب الطاف حسین نے اجتماع میں شریک کشمیری، گلگتی بلتستانی، پختون، بلوچ، سندھی، پنجابی، ہزاروال سے تعلق رکھنے والے افراد، میمن، کچھی، کاٹھیاواڑی اور دیگر برادریوں سے تعلق رکھنے والے افراد کا خیرمقدم کیا۔انہوں نے ایم کیوایم ساؤتھ افریقہ کے ذمہ داران اورکارکنان کوثابت قدمی اور مستقل مزاجی سے تحریک کا کام کرنے پرزبردست خراج تحسین پیش کیا۔

## ایران میں خودکش حملے کے واقعہ پر متحدہ قومی موومنٹ کے قائد الطاف حسین کا اظہار مذمت

## دہشت گردی کے اس واقعہ میں پاسدارانِ انقلاب کے کئی سینئر افسروں، جوانوں اور دیگر افراد کے جاں بحق ہونے پر

## مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان اور پاکستانی عوام ایران کے صدر احمدی نژاد، ایرانی حکومت اورعوام سے دلی افسوس کا اظہار کرتے ہیں

## دہشت گردی کے یہ واقعات خطے کے امن کیلئے کسی بھی طرح مناسب نہیں ہیں۔الطاف حسین

لندن۔۔۔18 اکتوبر2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد الطاف حسین نے ایران میں خودکش حملے کی شدید مذمت کی اورواقعہ میں پاسدارانِ انقلاب کے سینئر افسروں سمیت 30 سے زائد افراد کے جاں بحق ہونے پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ دہشت گردی کے یہ واقعات خطے کے امن کیلئے کسی بھی طرح مناسب نہیں ہیں اورایسا کرنے والے عناصر امن کے کھلے دشمن ہیں۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ دہشت گردی کے اس واقعہ میں پاسدارانِ انقلاب کے کئی سینئر افسروں، جوانوں اور دیگر افراد کے جاں بحق ہونے پر مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان اور پاکستانی عوام ایران کے صدر احمدی نژاد، ایرانی حکومت اورعوام سے دلی افسوس کا اظہار کرتے ہیں اوردعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ جاں بحق ہونے والے افراد کو اپنی جوار رحمت میں جگہ دے اورلواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔

## الطاف حسین کا شہید کیمرہ مین عارف خان کو خراج عقیدت

کراچی 18 اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایک نجی ٹی وی چینل کے کیمرہ مین عارف خان کو جو سانحہ کارساز میں شہید ہوگئے تھے زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے شہید صحافت قرار دیا ہے۔انہوں نے یہ بات اتوار کو کراچی پریس کلب میں منعقدہ عارف خان شہید کی دوسری برسی کے اجتماع کے موقع پر اپنے تحریری پیغام میں کہی۔یہ پیغام اے آروائی کے اے وی پی ایس ایم شکیل نے پڑھ کر سنایا۔قائد تحریک الطاف حسین نے کہا کہ عارف خان نے پیشہ ورانہ فرائض کی ادائیگی کے دوران جام شہادت نوش کیا، میں اورایم کیوایم کے تمام کارکنان صحافت کیلئے دی جانے والی اس قربانی کو سلام پیش کرتے ہیں، ہم اس بات سے پوری طرح آگاہ ہیں کہ صحافی، اخباری کارکن، فوٹوگرافر اور کیمرہ مین انتہائی نامساعد حالات اورخطرات میں اپنی ذمے داریاں انجام دے رہے ہیں، ہم ان کے احساس ذمے داری کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔

## اسکردو میں ایم کیوایم کی انتخابی ریلی، حق پرست عوام اور کارکنان کی بڑی تعداد میں شرکت
## ریلی کے شرکاء نے قائد تحریک الطاف حسین کی تصاویر اور ایم کیوایم کے پرچم اٹھا رکھے تھے

گلگت۔۔۔18، اکتوبر 2009ء

12 نومبر کو ہونیوالے گلگت بلتستان کی قانون ساز اسمبلی کے انتخابات کے سلسلے میں متحدہ قومی موومنٹ کے نامزد حق پرست امیدواروں کی انتخابی مہم جاری ہے۔انتخابی مہم کے سلسلے میں گزشتہ روز اسکردو کے مرکزی الیکشن آفس سے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین وسیم آفتاب، توصیف خانزادہ اور GBLA-1 اسکردو کی نشست پر نامزد حق پرست امیدوار راجہ ذکریا کی سربراہی میں انتخابی ریلی نکالی گئی جس میں عوام وکارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ریلی کے شرکاء نے اپنے ہاتھوں میں ایم کیوایم کے پرچم اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تصاویر اٹھا رکھی تھیں۔انتخابی ریلی اسکردو کے مختلف علاقوں سے ہوتی ہوئی علمدار چوک پر اختتام پذیر ہوئی۔

## ملک کی ترقی اور عوام کی خوشحالی ایم کیوایم نصب العین ہے، وسیم آفتاب، راجہ ذکریا
## ایم کیوایم سیاست برائے خدمت پر یقین رکھتی ہے، عوام کی خدمت اور انکے مسائل کا حل اس کا خاصہ ہے، فقیر شاہ
## 12 نومبر گلگت و بلتستان کے عوام کیلئے خوشحالی کی نوید لیکر طلوع ہوگا، کارنر میٹنگ اور الیکشن آفس کی افتتاحی تقریب

گلگت۔۔۔18 اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن وسیم آفتاب نے کہا ہے کہ ملک کی ترقی اور عوام کی خوشحالی ایم کیوایم کا نصب العین ہے اور ترقی وخوشحالی کا یہی مشن ومقصد لیکر ایم کیوایم گلگت بلتستان میں آئی ہے تاکہ یہاں کے عوام کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں اور گلگت بلتستان کو کھویا ہوا مقام دلایا جاسکے، انہوں نے کہا کہ حق پرست قیادت انتخابات میں کامیابی کے بعد کراچی کی طرح گلگت بلتستان کے عوام کی خواہشات کے مطابق اقدامات کرے گی۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز گلگت بلتستان کی قانون ساز اسمبلی کے انتخابات کے سلسلے میں حلقہ GBLA-2 خومر میں منعقدہ کارنر میٹنگ اور حلقہ GBLA-1 اسکردو میں علمدار چوک پر الیکشن آفس کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا جن میں عوام نے بہت بڑی تعداد میں شرکت کی۔اس موقع پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن توصیف خانزادہ، صوبائی کمیٹی کے انچارج الطاف زیدی، جوائنٹ انچارج یاور جمیل، رکن صلاح الدین گلگتی اور ایم کیوایم گلگت بلتستان کے انچارج ہدایت علی بھی موجود تھے۔اس موقع پر وسیم آفتاب نے GBLA-2 خومر کی نشست پر نامزد حق پرست امیدوار فقیر شاہ کے نام کا اعلان کیا اور عوام سے اپیل کی کہ انہیں زیادہ سے زیادہ ووٹ دیکر کامیاب کرائیں۔کارنر میٹنگ سے نامزد حق پرست امیدوار فقیر شاہ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ غریب ومتوسط طبقے کی نمائندہ جماعت ہے جو سیاست برائے خدمت پر یقین رکھتی ہے اور عوام کی خدمت اور ان کے مسائل کا حل ہی ایم کیوایم کا خاصہ رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ فرسودہ نظام کے خاتمہ کرکے ملک کے 98 فیصد غریب عوام کو ان کا حق دلانے کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے۔حلقہ GBLA-1 اسکردو کے حق پرست امیدوار راجہ ذکریا نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 12 نومبر کا دن گلگت بلتستان کے عوام کیلئے خوشحالی کی نوید لیکر طلوع ہوگا اور انشاءاللہ حق پرست امیدواران قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ اور نظریئے کے مطابق گلگت بلتستان کے مسائل کو حل کرکے دکھائیں گے۔انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ 12 نومبر کو ہونے والے انتخابات میں پتنگ کے انتخابی نشان پر مہر ثبت کرکے حق پرست امیدواران کو بھاری اکثریت سے کامیاب بنائیں۔

## ملک میں جاری دہشت گردی کا خاتمہ اتحاد واتفاق اور متفقہ فیصلوں سے ہی کیا جاسکتا ہے، کراچی مضافاتی کمیٹی
## کیماڑی اور آگرہ تاج سیکٹرز میں کارکنان کے اجتماعات سے خطاب

کراچی۔۔۔18، اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کراچی مضافاتی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج عارف حیدر، اراکین عزیز الرحمان اور شکیل سید ظہیر انور نے کہا ہے کہ ملک میں جاری دہشت گردی کا خاتمہ اتحاد و اتفاق اور متفقہ فیصلوں سے ہی کیا جاسکتا ہے اور ایم کیوایم شروع دن سے ہی دہشت گردی، خودکش بم دھماکوں اور انتہاء پسندی کے خلاف آواز بلند کررہی ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے کیماڑی اور آگرہ تاج سیکٹرز میں کارکنان کے اجتماعات سے خطاب کرتے ہوئے کیا جن میں مختلف قومیتوں اور برادریوں سے تعلق رکھنے والے کارکنان نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔اپنے خطاب میں انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے سب سے پہلے طالبانائزیشن کی گھناؤنی سازش کے خلاف ہر سطح پر نہ صرف آواز

بلندکی بلکہ اس عفریت اورسازش کوملک وقوم کے استحکام اورسلامتی کے خلاف قرار دیا لیکن افسوس کہ بعض سیاسی و مذہبی رہنماؤں نے طالبانائزیشن کی گھناؤنی سازش سے ہی نہ صرف انکار کیا بلکہ طالبان دہشت گردوں کی جانب سے جاری دہشت گردانہ کارروائیوں کے خلاف فوجی آپریشن کی بھی بھرپور مخالفت کررہے ہیں ان کا یہ مئوقف ملک وقوم کی سلامتی کے سراسر خلاف ہے۔انہوں نے کہا کہ ایک جانب دہشت گردی میں معصوم بے گناہ شہری، سیکورٹی اہلکار، فوجی افسران شہید ہورہے ہیں اور دوسری جانب بعض انتہاء پسند رہنماؤں کی جانب سے طالبان دہشت گردوں کی حمایت میں بیانات باعث شرم ہیں ۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ ملک کے کسی بھی حصے میں طالبانائزیشن کی گھناؤنی سازش کے خلاف ہے اور دہشت گردی سے ملک وقوم کو نجات دلانے کیلئے ہرممکن مدد و تعاون فراہم کررہی ہے ۔کراچی مضافاتی کمیٹی نے کارکنان پرزور دیا کہ وہ اپنے درمیان مشکوک عناصر پرکڑی نظر رکھیں اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کے بیانات کا بغور مطالعہ کریں۔

## ایم کیوایم ملک میں نظام کی تبدیلی کیلئے جدوجہد کررہی ہے، عبدالرؤف صدیقی
## اے پی ایم ایس اوطلبہ وطالبات کوتعلیم کے زیور سے آراستہ کرنا چاہتی ہے، چیئرمین سیّد وحیدالزماں
## صادقین لان میں میڈیکل میں داخلے کے خواہشمند طلبہ وطالبات کیلئے ماڈل پری انٹری ٹیسٹ کے موقع پرخطاب

کراچی۔۔۔۔18اکتوبر،2009ء

حق پرست صوبائی وزیرعبدالرؤف صدیقی نے کہا کہ ایم کیوایم ملک میں نظام کی تبدیلی کیلئے جدوجہد کررہی ہے جس کیلئے ضروری ہے کہ تعلیم کو عام کیا جائے کیونکہ تعلیم یافتہ لوگ ہی معاشرے میں تبدیلی کا سبب بنتے ہیں، انہوں نے کہا کہ تعلیم کے فروغ کیلئے اے پی ایم ایس او کی کاوشیں قابل تعریف ہیں اب طلبہ وطالبات کی ذمہ داری ہے کہ وہ اعلیٰ تعلیم حاصل کرکے معاشرے میں تبدیلی کیلئے اپنا کردار ادا کریں ۔انہوں نے یہ بات آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے زیراہتمام ڈاؤ میڈیکل یونیورسٹی اور سندھ میڈیکل کالج یونٹ سیکٹرای کے تحت ڈاؤیونیورسٹی اورمیڈیکل کالجوں میں داخلے کے خوشمند طلبہ وطالبات کی امتحانی تربیت وطریقہ کار کے سلسلے میں صادقین لان نزد نیپا چورنگی گلشن اقبال میں منعقدہ ماڈل پری انٹری ٹیسٹ سے خطاب کرتے ہوئے کہی ۔اس موقع پر چیئرمین اے پی ایم ایس اوسیّد وحیدالزماں اور مرکزی نشرواشاعت سیکرٹری منہاج الاابراہیم کے علاوہ سیکٹر کمیٹی کے اراکین اور کارکنان سمیت طلباء وطالبات کی کثیر تعداد نے شرکت کی ۔انٹری ٹیسٹ میں طلباء وطالبات نے گہری دلچسپی کا مظاہرہ کیا اور امتحانی طریقہ کار سے مکمل آگاہی حاصل کی ۔ماڈل ٹیسٹ کے آغاز سے قبل ماڈل پیپرز کے ساتھ پینسل اور فائل کورتقسیم کئے گئے اور ماڈل پری انٹری ٹیسٹ کی رجسٹریشن کیلئے خواہشمند طلباء وطالبات کیلئے صادقین لان کے داخلی راستوں پرکیمپ بھی لگائے گئے ۔صوبائی وزیرعبدالرؤف صدیقی نے کہا کہ اے پی ایم ایس او قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تعلیمات کو مدنظر رکھتے ہوئے اپنی سابقہ روایات کے مطابق میڈیکل یونیورسٹی اور کالجوں میں داخلوں کیلئے طلباء وطالبات کو ماڈل پری انٹری ٹیسٹ کی تیاری کرانے میں معاونت فراہم کرتی آرہی ہے جوکہ معاشرے کی ارتقاء کیلئے مثبت اقدام کا باعث بنتا ہے ۔انہوں نے کہا کہ آج کا دور جدید تعلیمی دور ہے ہمارے ملک میں بے شمار ڈاکٹرز انجینئرز موجود ہیں جوکہ اپنے اپنے شعبوں میں ذہانت کے اعتبار سے ملک اورقوم کی تعمیر وترقی میں بھی اپنا اہم کردار ادا کررہے ہیں ۔صوبائی وزیر نے کہا کہ آپ طلباء وطالبات یونیورسٹی اور کالجوں میں داخلے کے بعد محنت ولگن اور مکمل دلجوئی کیساتھ تعلیم حاصل کریں تاکہ آپ بھی ملک کی ترقی میں کارآمد ثابت ہوں ۔انہوں نے ماڈل ٹیسٹ کے انعقاد پراے پی ایم ایس او کی مرکزی کابینہ اور سیکٹر کمیٹی کے ذمہ دران وکاکنان سمیت طلباء وطالبات کوخراج تحسین پیش کیا اور اعلان کیا کہ وزاتِ صنعت وتجارت حکومت سندھ کی جانب سے اس ماڈل پری انٹری ٹیسٹ میں حصہ لینے والے طلباء وطالبات اور پروگرام کو کامیاب بنانے کیلئے دن رات محنت ولگن سے کام کرنے والے اے پی ایم اے او کے کارکنان میں فارمنس سٹیفکیٹ دیئے جائینگے ۔چیئرمین آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن سیّد وحیدالزماں نے خطاب کرتے ہوئے کہا اے پی ایم ایس او قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تعلیمات پرعمل پیرا ہوکر طلبہ وطالبات کوتعلیم کے زیور سے آراستہ کرنا چاہتی ہے اور ماڈل پری انٹری ٹیسٹ کا انعقاد اس کا واضح ثبوت ہے، جسکا مقصد آپ تمام طلباء وطالبات کو یونیورسٹی اور کالجوں میں داخلے سے قبل ہونے والے ٹیسٹ کی تیاری کرانا ہے ۔انہوں نے کہا کہ اے پی ایم ایس او طلباء وطالبات کو معاشرے میں اعلیٰ مقام دلوانے کیلئے اپنا ہرممکن کردار ادا کررہی ہے لہٰذا آپ تمام طلباء وطالبات اپنی تعلیم کو حاصل کرنے کے ساتھ ساتھ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے پیغام کو عام کرنے کیلئے عملی جدوجہد کریں تاکہ ہم اس ملک سے دہرے تعلیمی نظام کا خاتمہ کرکے میرٹ کو عام کرسکیں ۔واضح رہے کہ پری انٹری ٹیسٹ کے رزلٹ کا اعلان ٹیسٹ کے اختتام پر طلبہ میں تقسیم کی جانے والی Answer شیٹ کے ذریعے کیا جاچکا ہے اس پری انٹری ٹیسٹ کے رزلٹ کا اعلان جلد ہی انٹرنیٹ پراے پی ایم ایس او کی ویب سائٹ www.apmso.org پربھی جاری کیا جائے گا۔

## الائیڈ بینک کے محنت کشوں کے نمائندہ وفد کی لیبر ڈویژن سے ملاقات
## ادارے کی لاہور منتقلی کے باعث ملازمین میں پائی جانے والی تشویش سے آگاہ کیا

کراچی۔۔۔18، اکتوبر 2009ء

الائیڈ بینک کے محنت کشوں کے ایک نمائندہ وفد نے گزشتہ روز خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں ایم کیوایم لیبر ڈویژن کے جوائنٹ انچارج مظاہر حسین، اراکین تحسیم الحق اور محمد اسرائیل سے ملاقات کی اور انہیں الائیڈ بینک کے سینٹرل آفس کی لاہور منتقلی کے باعث محنت کشوں میں پائی جانے والی تشویش سے آگاہ کیا۔ اس موقع پر ایم کیوایم لیبر ڈویژن الائیڈ بینک یونٹ کمیٹی کے اراکین بھی موجود تھے۔ ملاقات میں وفد نے لیبر ڈویژن کے ارکان کو بتایا کہ الائیڈ بینک کے کوچیئرمین شفیق عقیلی نے سینٹرل آفس لاہور منتقل نہ کرنے کی یقین دہانی کرائی تھی لیکن تمام تر یقین دہانیوں کے اور وعدوں کے باوجود HR ونگ کے مختلف ڈیپارٹمنٹ لاہور منتقل کردیئے گئے ہیں اور باقی ماندہ ڈیپارٹمنٹ بھی لاہور منتقل کئے جارہے ہیں جس کے باعث محنت کشوں میں شدید بے چینی اور اضطراب پایا جارہا ہے۔ لیبر ڈویژن کے جوائنٹ انچارج مظاہر حسین نے وفد کو ایم کیوایم کی جانب سے مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی اور صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی وفاقی وزیرخزانہ شوکت ترین اور گورنر اسٹیٹ بینک سے مطالبہ کیا کہ سینٹرل آف الائیڈ بینک کی لاہور منتقلی فی الفور رکوائی جائے، جن محنت کشوں کو لاہور منتقل کیا گیا ہے انہیں فی الفور کراچی واپس لایا جائے اور محنت کشوں کے بنیادی حقوق کا تحفظ یقینی بنایا جائے۔

## ایم کیوایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔18، اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم یوکے یونٹ کے کارکن معین کی والدہ دولت بائی، ایم کیوایم نوابشاہ زون یونٹ 8A کے کارن جمیل احمد شاہ کے والد سورج شاہ، ایم کیوایم سائٹ ٹاؤن سیکٹر یونٹ 5 کے کارکن نصیر احمد کی والدہ محترمہ بی بی سکینہ اور ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 74 کے کارکن عمران کی والدہ محترمہ اصغری بیگم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ (آمین)

## والنٹیئر ٹاسک فورس کے قیام کے اعلان نے عوام میں دہشت گردوں کے خلاف نئے عزم وحوصلے کو جنم دیا ہے، رابطہ کمیٹی
## نوجوان ملک کے دفاع کو مضبوط بنانے اور دہشت گردی سے نجات دلانے کیلئے فورس میں شامل ہوں

کراچی۔۔۔18، اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کہا ہے کہ ملک کو دہشت گردی سے نجات دلانے کیلئے وفاقی حکومت کی جانب سے ''والنٹیئر ٹاسک فورس'' کے قیام کا اعلان وقت اور حالات کی اہم ضرورت تھی اور اس اقدام سے ملک بھر کے عوام میں دہشت گردوں کے خلاف نئے عزم وحوصلے کی لہر دیکھنے میں آرہی ہے۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ملک دہشت گردی، انتہاء پسندی، بم دھماکوں اور تخریب کاری کی لپیٹ میں ہے اور ایسے حالات میں ملک کی سلامتی اور تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے ضروری ہے کہ نوجوان پاک فوج کے شانہ بشانہ کردار ادا کریں اور والنٹیئر ٹاسک فورس میں شامل ہوکر ملک کے دفاع کو مضبوط بنانے اور ملک کو دہشت گردی کی لعنت سے نجات دلانے کیلئے قومی جذبے کا مظاہرہ کرتے ہوئے والنٹیئر ٹاسک فورس میں زیادہ سے زیادہ تعداد میں شامل ہوں۔ رابطہ کمیٹی نے وفاقی حکومت کی جانب سے ''والنٹیئر ٹاسک فورس'' کے قیام کے اعلان کا زبردست خیرمقدم کیا اور اس اقدام کو ملک کی سلامتی اور تحفظ کو مضبوط اور یقینی بنانے کے مترادف قرار دیا۔

## یم کیوایم کے وفد کی کارساز پر سانحہ 18 اکتوبر کے شہداء کی یاد میں لگائے گئے کیمپ پر فاتحہ خوانی
## پیپلز پارٹی کے رہنماؤں سے ملاقات، جمہوری روایات کے فروغ کیلئے کام کرنے کے عزم کا اعادہ

کراچی۔۔۔18، اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن وحق پرست صوبائی وزیر رضا ہارون کی سربراہی میں ایم کیوایم کے نمائندہ وفد نے اتوار کو کارساز پر سانحہ 18 اکتوبر کے شہداء کی یاد میں لگائے گئے کیمپ کا دورہ کیا اور شہداء کی روح کو ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی۔ وفد میں صوبائی وزیر امور نوجوانان فیصل سبزواری، ایم کیوایم کی کراچی تنظیمی کمیٹی کے انچارج حماد صدیقی اور دیگر ذمہ داران بھی شامل تھے۔ اس موقع پر متحدہ کے وفد نے پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما راشد ربانی، وقار مہدی، نجمی عالم، سعید غنی اور پروفیسر این ڈی خان سے ملاقات کی اور اس عزم کا اعادہ کیا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی پالیسیوں کے مطابق جمہوری روایات، برداشت اور مفاہمت کی سیاست کو فروغ دیا جائے گا۔ وفد نے ارکان نے شہداء کارساز کی یادگار پر دیئے جلائے اور شہداء کے بلند درجات کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی۔

## رابطہ کمیٹی کی جانب سے ایران میں خودکش حملے پر ایرانی قونصل جنرل سے اظہار افسوس

کراچی۔۔۔18، اکتوبر 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن اور حق پرست صوبائی وزیر برائے انفارمشن ٹیکنالوجی رضا ہارون اور صوبائی برائے امور نوجوانان فیصل سبزواری نے ایران میں خودکش حملے کی شدید مذمت کی اور ایرانی قونصل جنرل آقائے زمانی کو ٹیلی فون کر کے اس واقعے میں پاسدارانِ انقلاب کے سینئر افسروں سمیت 30 سے زائد افراد کے جاں بحق ہونے پر قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے ایران کے قونصل جنرل کو یقین دلایا کہ پریشانی کی اس گھڑی میں تمام محبّ وطن پاکستانی اپنے ایرانی بھائیوں کے ساتھ ہیں اور یقین رکھتے ہیں کہ بہادر ایرانی عوام عالم اسلام کے دشمن دہشت گردوں کی مذموم کارروائیوں سے کسی صورت خوف زدہ نہیں ہونگے۔ اس موقع پر ایران کے قونصل جنرل آقائے زمانی نے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین اور ایم کیوایم کے رہنماؤں کا شکریہ ادا کیا۔

☆☆☆☆☆